فوری ریلیز کے لیے: 24/8/2022 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

**_گورنر HOCHUL نے کلرڈ میوزیشنز کلب کے توسیعی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کا اعلان کیا_**

**_افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں ریاست نیو یارک کی سرمایہ کاری مشرقی بفلو میں نئی جان پھونکتی رہے گی_**

**_یہ مشرقی بفلو میں گورنر کی تاریخی $50 ملین کی ہدفی سرمایہ کاری کی تکمیل کرتا ہے_**

**_خاکے یہاں دستیاب ہیں_**

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ کلرڈ میوزیشنز کلب میں توسیع اور تزئین و آرائش کا کام شروع کر دیا گیا ہے جس سے بفلو کے افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں سیاحت اور آمدورفت میں اضافہ ہو پائے گا۔ 1918 میں قائم ہونے والا CMC امریکہ میں اپنی نوعیت کا واحد باقی ماندہ افریقی امریکی موسیقاروں کا کلب ہے۔ اس نےDuke Ellington, Ella Fitzgerald, Louis Armstrong, Nat "King" Cole, Miles Davis اور Cab Calloway جیسے قابل ذکر فنکاروں کی پرفارمنس کی میزبانی کی ہے۔

"یہ سنگ بنیاد رکھا جانا کلرڈ میوزیشنز کلب میں ایک نئے باب کے آغاز کی نشاندہی ہے اور مشرقی بفلو کمیونٹی کی ترقی کے لیے ہمارے گہرے اور مسلسل عزم کی نمائندگی کرتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مشی گن اسٹریٹ کوریڈور کے ساتھ تاریخی مقامات کی توسیع اور تحفظ کو فروغ دے کر، ہم نیو یارک کے سیاہ فام شہریوں کے بھرپور ماضی کا جشن منا رہے ہیں اور بفلو، ہماری ریاست اور ہماری قوم میں ان کے ادا کردہ اہم حصے کی تعظیم کر رہے ہیں۔"

"یہ صرف مشرقی بفلو میں سرمایہ کاری نہیں ہے، بلکہ سیاہ فام لوگوں اور سیاہ فام ثقافت میں سرمایہ کاری ہے جو بفلو کے اس حصے میں بہت دور تک پھیلی ہوئی ہے۔" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "کلرڈ میوزیشنز کلب کی تزئین و آرائش اور توسیع، مشرقی بفلو میں پہلے سے اعلان کردہ دیگر سرمایہ کاری کے ساتھ، بفلو کے تاریخی مشی گن اسٹریٹ کوریڈور، جو افریقی امریکی ثقافت اور تاریخ سے مالا مال ہے، میں سیاحت میں اضافہ کرے گی۔"

CMC کی $2.95 ملین کی لاگت کا توسیعی منصوبہ گورنر کی بفلو کے ایسٹ سائڈ پر سیاحوں کو لانے کی، بڑھتی ہوئی کوششوں کی تازہ ترین مثال ہے۔ یہ غیر منفعتی کلب ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ ( Empire State Development's, ESD) کے $65 ملین ایسٹ سائڈ کوریڈور اکنامک ڈویلپمنٹ فنڈ سے $2 ملین کی گرانٹ کے ذریعے اہم تبدیلیاں لائے گا۔ یہ اپ گریڈز بفلو کی تاریخی مشی گن اسٹریٹ افریقن امریکن کوریڈور میں سیاحت اور آمدورفت میں اضافہ کریں گے۔ DASNY نے بھی اس منصوبے کے لیے $350,000 کی فنڈنگ فراہم کی۔

CMC پروجیکٹ میں 145 Broadway Street پر عمارت کے ایک نئے داخلی دروازے کا ڈیزائن اور تعمیر شامل ہے جو ADA کے مطابق ہو گا اور اس میں CMC کے لیے مزید ذخیرے کی جگہ؛ عمارت کے سامنے کے حصّے کی مرمت اور پرفارمنس کی تاریخی جگہ کی تزئین و آرائش اور توسیع؛ تازہ ترین فائر سیفٹی اور کوڈ کے معاملات؛ اور متعلقہ سائٹ کے کام کی تکمیل اور مرمت اور گلی کی ظاہری شکل کی بہتری بھی شامل ہونگی۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی کمشنر اور صدر اور CEO Hope Knight نے کہا،** "بفلو تیزی سے چوٹی کے سیاحتی مقام کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اب جب کہ کچھ مقامات جیسے واٹر فرنٹ بلندیوں کو چھو رہے ہیں، ہمیں بفلو کے اہم تاریخی اثاثوں اور ترقی کی ناقابل یقین صلاحیت سے فائدہ اٹھا کر اس کی افریقی امریکن کمیونٹی کو بھی اوپر کی طرف لے جانے کی ضرورت ہے۔ افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور کے مرکزی اداروں کی تزئین و آرائش سے اس ابھرتے ہوئے علاقے کی تاریخ، موسیقی اور ثقافتی تنوع کا جشن منانے کے لیے نئے سیاحوں کو یہاں لانے میں مدد ملے گی۔ میں مشرقی بفلو، جو کہ بفلو کی بحالی کے دوران باقی شہر سے پیچھے رہ گیا ہے، کی مدد کے لیے گورنر Hochul کی مسلسل کوششوں کو سراہتی ہوں۔"

دو دیگر منصوبوں پر بھی تزئین و آرائش کا کام تیزی سے جاری ہے جو افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں: مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ اور نیش ہاؤس۔
ریاست نیویارک، بفلو نیاگرا فریڈم اسٹیشن کولیشن اور نیش ہاؤس میوزیم کے ساتھ شراکت میں تزئین و آرائش کے منصوبوں کی معاونت کر رہی ہے۔ یہ دو غیر منفعتی تنظیمیں ہیں جو چرچ اور نیش ہاؤس کے ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لیے کام کرتی ہیں۔

**ریاست نیو یارک کے دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظ تاریخ کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "ریاست نیو یارک کی پوری کہانی ان کہانیوں کے بغیر مکمل نہیں جو بفلو کے افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں پائی جاتی ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ پارکس، گورنر Hochul کی ان اہم منصوبوں کی سپورٹ کے لیے شکر گزار ہے اور اسٹیٹ پارکس کو ان منصوبوں میں شراکت دار ہونے پر فخر ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "کلرڈ میوزیشنز کلب کئی دہائیوں سے بفلو کی تاریخی مشی گن اسٹریٹ افریقن امریکن کوریڈور میں بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے، اور یہ تقریباً $3 ملین کی توسیع نہ صرف کوئین سٹی میں سیاحت کا نیا رجحان پیدا کرے گی، بلکہ اس سے بھی کچھ مزید بڑا کرے گی: یہ ایک کہانی سنائے گا۔ ان لوگوں کی کہانی جنہوں نے ہمت، جذبے اور ہنر کے ذریعے ہمارے شہر کو نکھارا، اور جنہوں نے بفلو کی سیاہ فام تاریخ لکھنے میں مدد کی۔ یہ Terry Alford, Lillie Wiley-Upshaw، اور مشی گن اسٹریٹ افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور کے حقیقی وژن کو زندہ کرنے کے لیے کی جانے والی نیو یارک اسٹیٹ کی بہت سی سرمایہ کاریوں میں سے صرف ایک ہے۔"

**اسمبلی ممبر Crystal D. Peoples-Stokes نے کہا،** "کلرڈ میوزیشنز کلب کو ان کی توسیع کا سنگ بنیاد رکھے جانے پر مبارکباد۔ مجھے فنڈ ریزنگ کو آغاز دینے کے لیے سیڈ منی فراہم کرنے پر فخر ہے۔ اس پروجیکٹ کی ایک دہائی سے زیادہ سے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے اور اس سے تمام آنے والوں کے لیے کلب، اس کی نمائشوں اور مشہور جاز فنکاروں کی تاریخ دیکھنے کے لیے رسائی بہتر ہو جائے گی۔ میں گورنر Hochul اور ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا ان کی معاونت کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں اور کلب کی قیادت کو بھی اس پروجیکٹ کی تکمیل کی خاطر ان کے انتھک عزم کے لیے سراہتی ہوں۔"

**کلرڈ میوزیشنز کلب کے سابق ڈائریکٹر George Scott نے کہا،** "ہم گورنر Kathy Hochul کا کلرڈ میوزیشنز کلب کے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے پر شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ اس تزئین و آرائش سے پورے مشی گن اسٹریٹ کوریڈور کو فائدہ پہنچے گا اور آنے والوں کی زیادہ تعداد موسیقی، تاریخ، کھانوں اور مشرقی سائیڈ کے منفرد ثقافتی مقامات کا تجربہ کر سکے گی۔ اس اہم سرمایہ کاری سے ہم یہ واضح کر رہے ہیں کہ سیاہ فام تاریخ اہم ہے، بفلو کی تاریخ اہم ہے اور جاز اس کہانی کو سنانے کے لیے ایک طاقتور ذریعہ ہے اور ہمارے لوگوں کو طاقت اور امید فراہم کرنے کا ایک زبردست طریقہ ہے۔"

**بفلو نیاگرا فریڈم اسٹیشن کولیشن کی چیئر Lillie Wiley-Upshaw نے کہا،** "دی بفلو نیاگرا فریڈم اسٹیشن کولیشن ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، نیویارک اسٹیٹ پارکس ریکریشن اینڈ ہسٹورک پرزرویشن اور کمیونٹی فاؤنڈیشن فار گریٹر بفلو کے تعاون کے لیے بے حد مشکور ہے۔ کمیونٹی کی سرگرمی، خاص طور پر Bishop Henderson کی وجہ سے،

BNFSC اگلے 200 سالوں کے لیے چرچ کو بچائے رکھنے کے لیے تیار ہے۔ مجھے بفلو کمیونٹی اور اس اہم کام کا حصہ ہونے پر ذاتی طور پر بہت فخر ہے۔"

**Bishop Henderson کی بیٹی Rachel Henderson نے کہا،** "اپنے ماضی کے علم کو محفوظ رکھ کر، ہم اپنے مستقبل کے حقیقی امکانات کے بارے میں جانتے ہیں۔ جیسے جیسے ہم اپنے آباؤ اجداد کی تاریخ کے بارے میں مزید جانتے ہیں، ہم ایک زیادہ روشن اور تیزی سے ترقی پذیر دنیا بناتے ہیں۔ Bishop William Henderson کی بیٹی اور بفلو نیاگرا فریڈم اسٹیشن کولیشن کی وائس چیئر کے طور پر، میں اس خوبصورت یادگار کے حوالے سے اُن کے کام کو جاری دیکھ کر بہت شکر گزار ہوں۔"

افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں کی جانے والی بہتریوں میں شامل ہیں:

- 1.3$ ملین کی لاگت کے مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ پروجیکٹ، عمارت کی ساختی سالمیت کو یقینی بنانے اور چرچ میں حفاظتی مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ معذور زائرین کو بہتر رسائی فراہم کرنے میں مدد کرے گا۔ اس منصوبے میں بنیادوں کی مرمت اور چھت کو مضبوط کرنا، نیز قابل رسائی ہونے کے حوالے سے تزئین و آرائش شامل ہے۔ مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ 1845 میں افریقی امریکیوں نے تعمیر کیا تھا اور خانہ جنگی سے پہلے کینیڈا فرار ہونے والے آزادی کے متلاشیوں کے لیے زیر زمین ریل روڈ پر آخری اسٹاپ تھا۔ یہ 1974 سے تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں شامل ہے۔
- Nash House کو ESD سے $172,000 کی فنڈنگ حاصل ہوئی اور یہ میوزیم کی نمائشوں میں موسمیاتی بہتری اور اپ گریڈ سے گزر رہا ہے۔ نیش ہاؤس کسی زمانے میں Reverend J. Edward Nash Sr کا گھر تھا، جو 1950 کی دہائی تک مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ کے پادری اور بفلو کے شہری حقوق کے معروف رہنما تھے۔ فی الحال یہ غیر منفعتی تنظیم مشی گن اسٹریٹ پرزرویشن کارپوریشن کی ملکیت ہے اور 2007 سے ایک میوزیم کے طور پر کام کر رہا ہے۔
- WUFO ریڈیو اسٹیشن اور بلیک ہسٹری کلیکٹو کو ایک بڑے مرمتی اور توسیعی منصوبے کے لیے 1$ ملین کی گرانٹ حاصل ہوئی۔ دی کلکٹیو مغربی نیو یارک میں واحد افریقی امریکی ملکیت والا ریڈیو اسٹیشن ہے اور 509 مشی گن اسٹریٹ کا اینکر کرایہ دار ہے، جو شہر کا ایک صدی پرانی دو منزلہ عمارت ہے جو مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ کے بالکل جنوب میں ایک کلیدی جگہ پر واقع ہے۔
- NAACP کے تقریباً $6 ملین کی لاگت کے پبلک پرائیویٹ نیش لوفٹس پروجیکٹ کو ایسٹ سائڈ کوریڈور اکنامک ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت بھی جزوی طور پر ESD کے ذریعے فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں۔ NAACP پچھلے سال افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور پر واپس آیا، اور اس کے نئے مقام میں NAACP کے نئے دفاتر، مناسب قیمت والے اپارٹمنٹس، اور دیگر گلیوں کی سطح پر ریٹیل جگہیں شامل ہیں۔ پہلی منزل کی ریٹیل جگہ کے کرایہ دار کا جلد ہی اعلان کیا جائے گا۔
- نیاگرا فرنٹیئر ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے لیے مختص $366,000 کے ایوارڈ کے ذریعے دی فریڈم وال اور تاریخی میورل کے ارد گرد کے علاقے میں بہتری کا کام ہوگا۔ اس فنڈنگ کا استعمال کنکریٹ کی دیوار اور گلی کے کنارے کے درمیان کے علاقے کی تعمیر نو کے لیے کیا جائے گا اور دیوار کے پورٹریٹس کو نمایاں کرنے کے لیے LED لائٹنگ لگائی جائے گی۔ دی فریڈم وال سیاسی اور سماجی مساوات کے لیے افریقی امریکیوں کے تاریخی اور جاری کام کا جشن مناتی ہے۔

ان تمام پراجیکٹس کو ایک تنگ اور لینڈاسکیپڈ مشی گن ایونیو کے ساتھ جوڑا جائے گا تاکہ ٹریفک کی رفتار کو کم کیا جا سکے اور سڑکوں کی روشنی کو بہتر بنایا جائے تاکہ کئی بلاک طویل اس ڈسٹرکٹ کو پیدل چلنے والوں کے لیے مزید آرام دہ بنایا جا سکے۔

ان پروجیکٹس کا مقصد ولیم اسٹریٹ اور براڈوے کے درمیان تاریخی مقامات کے جھرمٹ کے ارد گرد ایک مربوط سیاحتی مقام بنانا ہے۔ منصوبہ بندی کی کاوشوں میں ان اثاثوں کی بہتریوں کی تشہیر اور ان کی معاونت کی حکمت

عملیاں شامل ہیں۔ طویل مدتی سرمایہ کاریاں جیسے تاریخی عمارتوں میں اپ گریڈ، عمارت کی توسیع، ADA اور حفاظت کی تعمیل، سڑک کے منظر میں بہتری، کمیونٹی کے اجتماع کی جگہیں اور دیگر اہم سہولیات مہمانوں کے تجربے کو بہتر بنائیں گی اور تاریخی اثاثوں کو ایک دوسرے اور بفلو سے بہتر طور پر مربوط کریں گی۔ یہ پروجیکٹ ایک متحد سیاحتی مقام بنائے گا جو خطے کے نئے سیاحوں کو متوجہ کرتے ہوئے افریقی امریکی تاریخ میں بفلو کے تعاون کی کہانی سنائے گا۔

**Terry Alford، مشی گن اسٹریٹ افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور کمیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے کہا،**"بورڈ کے اراکین کی جانب سے جو ہمارے ہیریٹیج کوریڈور کمیشن پر مشتمل ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ان کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز اور رہائشیوں کی جانب سے جنہوں نے ہمیشہ کوریڈور کی حمایت کی ہے، میں اپنے گورنر اور ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ اس نے کوریڈور کی بہتری میں سرمایہ کاری کی۔ ہمارے دو سب سے بڑے تسلیم شدہ ثقافتی اینکرز کے استحکام اور توسیع کی حمایت میں ان کے عزم کی وجہ سے، انہوں نے آنے والی کئی نسلوں کے لیے ان مشہور عمارتوں کی پائیداری کو محفوظ بنانے میں مدد کی ہے، جو نہ صرف کوریڈور بلکہ ہمارے شہر کو بھی ایک پرجوش اور رونق والی جگہ بنائے گی۔"

**ڈپٹی ایری کاؤنٹی ایگزیکٹو Maria R. Whyte نے کہا،** "کلرڈ میوزیشنز کلب ہماری کمیونٹی اور ہمارے ورثے کا ایک تاریخی اور ناقابل تلافی حصہ ہے اور گورنر Hochul کی یہ سرمایہ کاری اسے مستقبل میں بہت دیر تک اپ ڈیٹ اور برقرار رکھے گی۔ ایری کاؤنٹی اس کلب میں طویل مدتی بہتری کے لیے $925,000 مختص کر کے اس کوشش میں شامل ہو رہی ہے تاکہ اس مشہور مقام کو اپ ڈیٹ کرنے میں مدد کی جا سکے۔ CMC جیسے خزانوں کی تزئین و آرائش اور مرمت ہمارے ماضی کو محفوظ کرنے کے لیے ہمارے عزم کی تصدیق کرتی ہے اور اس کے بارے میں مزید آگاہی کے لیے مزید آنے والوں کو تاریخی مشی گن اسٹریٹ افریقی امریکن کوریڈور پر لاتی ہے۔"

**بفلو کے میئر Byron W. Brown نے کہا،** "موسیقی بفلو کی افریقی امریکی تاریخ میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے، اور ہمارے شہر کے اہم ترین مقامات میں سے ایک کے طور پر، کلرڈ میوزیشنز کلب کے گھر کو دل کھول کر اس کی عکاسی کرنی چاہیے۔ میں گورنر Hochul اور ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس توسیع اور تزئین و آرائش کے منصوبے کی حمایت کی جو ہماری سیاہ فام تاریخ، موسیقی اور ثقافت سے لطف اندوز ہونے کے لیے بفلو کے افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور کی طرف زیادہ سے زیادہ آنے والوں کو راغب کرے گی۔ یہ $2.95 ملین کی توسیع اس مشرقی بفلو نیبر ہڈ میں شہر کی اہم سرمایہ کاری کو سہارا دیتی ہے اور آنے والی کئی نسلوں کے لیے ہماری کمیونٹی کو فائدہ پہنچائے گی۔"

**بفلو کونسل کے صدر Darius Pridgen نے کہا،** "میں مشی گن اسٹریٹ بیپٹسٹ چرچ کی چھت اور بنیاد پر مرمت کے کام کے آغاز کے بارے میں جان کر بہت خوش ہوں۔ ایلیکوٹ ڈسٹرکٹ کونسل ممبر کی حیثیت سے، میں افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور میں کسی بھی سرمایہ کاری کا حمایتی رہا ہوں کیونکہ یہ بفلو اور ویسٹرن نیویارک میں ہماری تاریخ کو محفوظ رکھتی ہے۔ یہ اس کوریڈور کو مغربی نیویارک میں سیاحتی مقام بنانے کی جانب ایک اور قدم ہے۔ میں گورنر Hochul کی قیادت اور حکومت میں اپنے ساتھیوں کا ان کی مسلسل حمایت کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

مشی گن اسٹریٹ افریقن امریکن ہیریٹیج کوریڈور کے بارے میں مزید معلومات یہاں سےحاصل کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418